سوال

(01) بسم اللہ کی جگہ کچھ اور پڑھنا یا لکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' لکھنے یا پڑھنے کی بجائے جو 786 لکھتے ہیں۔ اس کا اجر وثواب ملتا ہے؟ یہ بدعت کہاں سے ایجاد ہوئی؟ میں نے کچھ بھائیوں سے سوال کیا ہے تو کہتے ہیں کہ یہ صرف بے ادبی سے بچنے کے لئے لکھتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

''بسم اللہ'' کی بجائے 786 لکھنے سے اجر وثواب نہیں ملتا کیونکہ یہ ''منزل من اللہ'' قرآن نہیں ہے۔ یہ بدعت ''علم الاعداد'' کے حاملین نے نکالی ہے۔ تحریر میں ''بسم اللہ'' لکھنا بے ادبی نہیں ہے۔ اگر کوئی ایسی بات ہو تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہرقل مشرک کافر کی طرف مرسلہ چھٹی میں ''بسم اللہ'' تحریر نہ فرماتے۔ (1) چٹھی میں ''بسم اللہ'' لکھنا بھی گویا دعوت کا ایک اہم حصہ ہے جب کہ 786 عدد یکسر اس سے خالی ہے۔

---

(1) صحیح البخاری بدء الوحی رقم (7)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص181

محدث فتویٰ